PAKISTAN OXYGEN LIMITED

اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ **پاکستان آکسیجن لمیٹڈ** (" کمپنی ") کا غیر معمولی اجلاسِ عام ("EOGM") بروز جمعہ، 30 جنوری 2026، بوقت 03:30 بجے بذریعہ ویڈیو لنک اور بالمشافہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی میں منعقد ہوگا، اجلاسِ ہذا میں درج ذیل امور کو زیر کارروائی لایا جائے گا۔

عمومی امور:

1۔ کمپنی کے دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس مؤرخہ 08 دسمبر 2025 میں کمپنیز ایکٹ 2017 (''ایکٹ'') کی دفعہ 159 کے مطابق مقرر کیا ہے، ان ڈائریکٹرز کی مدت تین (3) سال کے لیے ہے جو کہ 30 جنوری 2026 سے شروع ہوگی۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز درج ذیل ہیں:

جناب وقار احمد ملک، جناب سراج احمد دادا بھائی، سید حسن علی بخاری، جناب شاہد محمود عمرانی، جناب محمد اقبال پوری، جناب کامران گل ای انور، محترمہ تقنیہ ڈی کانڈا والا، جناب طیّب افضل، جناب نادر سالار قریشی اور جناب اسد سعید جعفر۔

ایکٹ کی دفعہ (3)166 کے تحت درکار اہم حقائق کا بیان اجلاس کے نوٹس ہذا کے ساتھ منسلک ہے اور اراکین کو ارسال کیا جا رہا ہے۔

بحکم بورڈ

مظہر اقبال

کمپنی سیکرٹری

کراچی:

08 دسمبر 2025

نوٹس:

1۔ شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس مؤرخہ 23 جنوری 2026 تا 30 جنوری 2026 (بشمول ایام مذکورہ) بند رہیں گی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار سی ڈی سی شیئر رجسٹرار، سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کے پاس 22 جنوری 2026 کے کاروباری دن کے اختتام تک موصول ہونے والی منتقلیوں کو غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) کے مقصد کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

صرف وہی حصص یافتگان جن کے نام 22 جنوری 2026 کے کاروباری دن کے اختتام تک کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں درج ہوں گے، غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے اہل ہوں گے۔

2۔ غیر معمولی اجلاسِ عام میں حاضری اور پراکسی کی تقرری:

(i) ایسا کوئی بھی ممبر جو غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنے، اظہارِ رائے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو، وہ کسی دوسرے شخص کو اپنی جگہ پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا لازم ہے، ماسوائے کارپوریشن ممبر کی صورت میں، اس صورت میں اپنے کسی افسر یا کسی دوسرے شخص کو (جو کمپنی کا ممبر نہ بھی ہو) پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔

(ii) پراکسی فارم کے مؤثر ہونے کے لیے لازم ہے کہ فارم اجلاس شروع ہونے سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے کمپنی کے رجسٹرڈ آفس، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000 پر یا ای میل company.secretary@pakoxygen.com پر جمع کروایا جائے۔

پراکسی فارم کی مزید کاپیاں کمپنی کی ویب سائٹ (https://www.pakoxygen.com) سے بھی ڈاؤن لوڈ کی جا سکتی ہیں۔

3۔ اراکین کے پتے میں تبدیلی:

اراکین سے گزارش ہے کہ اپنے پتے یا بینک مینڈیٹ میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کی فوری اطلاع کمپنی کے شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے مذکورہ بالا پتے پر دیں۔

4۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ہدایات:

سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ ("سی ڈی سی") کے اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 کے مطابق درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

الف۔ اجلاس میں شرکت کے لیے:

(i) بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر یا وہ شخص جس کی سیکیورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور جن کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ کی گئی ہوں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرائے گا/گی۔

(ii) اگر اکاؤنٹ ہولڈر کوئی کارپوریٹ ادارہ ہو تو اس کے نامزد کردہ فرد کے نمونہ دستخط کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا پاور آف اٹارنی اجلاس کے وقت پیش کرنا ہوگی (الّا یہ کہ پہلے سے جمع کرائی جا چکی ہو)۔

ب۔ پراکسی کی تقرری کے لیے:

(i) بصورت افراد، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا گروپ اکاؤنٹ میں سیکیورٹیز رکھنے والا شخص جس کی رجسٹریشن تفصیلات قواعد کے مطابق اَپ لوڈ ہوں، وہ مطلوبہ شرائط کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائے گا۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہوں کے دستخط ہوں گے جن کے نام، پتہ اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر فارم پر درج ہوں گے۔

(iii) مستفید مالکان اور پراکسی دونوں کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ جمع کرانا ضروری ہیں۔

(iv) پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا/گی۔

(v) اگر اکاؤنٹ ہولڈر کوئی کارپوریٹ ادارہ ہو تو پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی (نمونہ دستخط کے ساتھ) جمع کرانا ضروری ہے (الّا یہ کہ پہلے سے جمع کرائی جا چکی ہو)۔

5۔ ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت:

کمپنی نے غیر معمولی اجلاسِ عام کی کارروائی میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے لیے ضروری انتظامات کیے ہیں۔ جو حصص یافتگان ویڈیو لنک کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، وہ درج ذیل جدول کے مطابق اپنی تفصیلات بذریعہ ای میل، واٹس ایپ، یا کسی بھی الیکٹرانک ذرائع کوریئر یا ڈاک بعنوان **"Registration for EOGM of Pakistan Oxygen Limited - 2026"** معہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی دوطرفہ نقل کمپنی کو ارسال کریں گے:

ای میل: company.secretary@pakoxygen.com

موبائل نمبر: +92 320 5794509

رجسٹرڈ آفس کا پتہ: پاکستان آکسیجن لمیٹڈ، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000

شیئر ہولڈر کا نام	قومی شناختی کارڈ نمبر	فولیو نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

ویڈیو لنک اور لاگ اِن تفصیلات صرف انہی اراکین یا ان کے مقرر کردہ پراکسیز کو ارسال کی جائیں گی جن کی جانب سے کمپنی کو مذکورہ بالا معلومات بذریعہ ای میل غیر معمولی اجلاسِ عام شروع ہونے سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔

6۔ شیئر ہولڈرز کی فہرست:

ایس ای سی پی کے جاری کردہ SRO1196(I)/2019 مؤرخہ 03 اکتوبر 2019 کی شق 2(g)(iii)(c) کے مطابق پاس ورڈ سے محفوظ شیئر ہولڈرز کی فہرست اور ان کا پتہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔ جو امیدوار الیکشن میں حصہ لینا چاہتے ہیں وہ اپنی مکمل تفصیلات، یعنی مکمل نام، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر اور فولیو نمبر کے ساتھ کمپنی کو company.secretary@pakoxygen.com پر ای میل بھیج کر فہرست تک رسائی کے لیے پاس ورڈ کی درخواست کر سکتے ہیں۔

7۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کا طریقہ کار:

اراکین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ایس ای سی پی نے کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 میں نوٹیفکیشن نمبر SRO2192(1)/2022 مؤرخہ 05 دسمبر 2022 کے ذریعے ترمیم کر کے تمام لسٹڈ کمپنیوں کو پابند کیا ہے کہ وہ خصوصی کاروبار کی تمام قراردادوں اور ڈائریکٹرز کے انتخاب کی صورت میں، اگر امیدواروں کی تعداد ایکٹ کی دفعہ (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو، اراکین کو الیکٹرانک ووٹنگ اور ووٹنگ بذریعہ ڈاک کی سہولت فراہم کریں۔

لہٰذا، اگر ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے امیدواروں کی تعداد مقررہ تعداد سے زیادہ ہوئی تو کمپنی کے اراکین کو اس غیر معمولی اجلاسِ عام میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کیلئے ای ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق حاصل ہوگا۔ مذکورہ بالا ریگولیشنز میں مندرجہ ذیل طریقہ کار کے مطابق اراکین کو ووٹنگ کے مواقع فراہم کیے جائیں گے:

الف۔ ای ووٹنگ کا طریقہ کار:

(i) ای ووٹنگ کی تفصیلات ان اراکین کو ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی جن کے درست کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس کمپنی کے رجسٹر آف ممبرز میں 22 جنوری 2026 کے کاروباری دن کے اختتام تک درج ہوں گے۔

(ii) ویب ایڈریس اور لاگ اِن تفصیلات ای میل کے ذریعے ارسال کی جائیں گی، جبکہ سیکیورٹی کوڈز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ (بطور ای ووٹنگ سروس پروائیڈر) کے ویب پورٹل سے ایس ایم ایس کے ذریعے بھیجے جائیں گے۔

(iii) ای ووٹنگ کے ذریعے ووٹ ڈالنے والے اراکین کی شناخت الیکٹرانک دستخط یا لاگ اِن کی توثیق کے ذریعے تصدیق کی جائے گی۔

(iv) ای ووٹنگ لائنز **27 جنوری 2026 صبح 09:00** بجے سے کھولی جائیں گی اور **29 جنوری 2026 شام 05:00** بجے بند ہوں گی۔ اراکین اس مدت کے دوران کسی بھی وقت ووٹ ڈال سکتے ہیں۔ ایک مرتبہ ووٹ ڈالنے کے بعد اسے تبدیل نہیں کیا جا سکے گا۔

ب۔ پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار:

(i)۔ وہ اراکین جو بذریعہ ڈاک ووٹ دینا چاہتے ہیں، ان کے لیے بیلٹ پیپر شائع کیا جائے گا اور مقررہ مدت کے اندر اندر کمپنی کی ویب سائٹ **https://www.pakoxygen.com** پر بھی دستیاب ہوگا۔

(ii)۔ اراکین اس بات کو یقینی بنائیں کہ درست طور پر پُر اور دستخط شدہ بیلٹ پیپر، قومی شناختی کارڈ یا نائے کوپ (NICOP) یا پاسپورٹ، (اگر رکن غیر ملکی ہو)، کی نقل کے ساتھ کمپنی کے رجسٹرڈ پتے، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی یا ای میل company.secretary@pakoxygen.com پر غیر معمولی اجلاسِ عام سے ایک دن قبل، دفتری اوقات کے دوران، چیئرمین اجلاس تک پہنچ جائے۔

8۔ جانچ کنندہ:

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے قواعد کے مطابق کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے میسرز بی ڈی او ابراہیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (جو کمپنی کے آڈیٹرز اور QCR ریٹیڈ آڈٹ فرم ہیں) کو غیر معمولی اجلاسِ عام کیلئے جانچ کار مقرر کیا ہے۔ جانچ کار ڈائریکٹرز کے انتخابات کی نگرانی کرے گا اور ریگولیشن 11A کے تحت تمام متعلقہ ذمہ داریاں اور افعال انجام دے گا۔

9۔ ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر کی شمولیت:

اراکین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے تجدید شدہ ای میل ایڈریس اور موبائل نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس اپنے فزیکل فولیو میں اور الیکٹرانک شیئرز رکھنے والے اراکین اپنے متعلقہ شراکت داروں، بروکر یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے پاس درج کروائیں۔

10۔ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/این ٹی این نمبر کی تحویل (لازمی)

وہ حصص یافتگان جنہوں نے ابھی تک اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی کارآمد نقل کمپنی یا شیئر رجسٹرار کو جمع نہیں کروائی، ان سے دوبارہ درخواست ہے کہ جلد از جلد اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی نقل کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو ارسال کر دیں۔ کارپوریٹ ادارے بھی اپنا نیشنل ٹیکس نمبر (NTN) فراہم کریں۔

کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے ریگولیشن نمبر 6 کے تحت، کمپنی اس صورت میں ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے کی پابند ہوگی اگر شیئر ہولڈر یا مجاز شخص کا شناختی نمبر دستیاب نہ ہو۔

11۔ فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کرنا:

اس سلسلے میں کمپنی کے گذشتہ نوٹسز اور اخباری اعلانات کے تسلسل میں ان اراکین سے دوبارہ گزارش ہے جو اب تک فزیکل شیئرز رکھتے ہیں کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو بک انٹری فارم میں تبدیل کریں، تاکہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (2)72 پر عمل درآمد ہو سکے۔ شیئر ہولڈرز اس مقصد کے لیے پاکستان اسٹاک ایکسچینج ممبر، سی ڈی سی شراکت داروں یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹس سروسز فراہم کرنے والوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

بک انٹری کی صورت میں شیئرز رکھنے کے کئی فائدے ہیں، مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کے حصول کی رسمی کارروائیوں سے نجات اور اوپن مارکیٹ میں بہتر ریٹس پر آسانی سے خرید و فروخت کی سہولت وغیرہ۔

12۔ عام اجلاسوں میں حصص یافتگان کے لیے ضابطہ اخلاق:

ایکٹ کی دفعہ 215 کے مطابق حصص یافتگان انتظامیہ پر ایسا براہِ راست اثر یا دباؤ نہیں ڈال سکتے جو اس کے معمول کے کام میں رکاوٹ بنے۔ مزید برآں کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ریگولیشن 55 بعنوان "ضابطہ اخلاق برائے حصص یافتگان" کے مطابق حصص یافتگان:

(i) ایسا مواد اجلاس میں نہ لائیں جو شرکاء یا اجلاس کے مقام کے لیے خطرہ بن سکے؛

(ii) خود کو صرف اُن ایجنڈا آئٹمز تک محدود رکھیں جو اجلاس کے نوٹس میں شامل ہیں؛

(iii) تبصرے اور گفتگو کو صرف کمپنی کے امور تک محدود رکھیں؛ اور

(iv) ایسا طرزِ عمل اختیار نہ کریں جس سے کسی سیاسی وابستگی کا اظہار ہو یا کسی رکن کے مذہبی جذبات کو ٹھیس پہنچے۔

13۔ شیئر ہولڈرز کو تحائف کی تقسیم پر پابندی:

ایس ای سی پی نے سرکلر نمبر 2 بابت 2018 مؤرخہ 9 فروری 2018 اور S.R.O.452(I)/2025 مؤرخہ 17 مارچ 2025 کے ذریعے کمپنیوں کو سختی سے منع کیا ہے کہ وہ عام اجلاسوں کے دوران یا ان کے سلسلے میں اراکین کو کوئی تحائف، مراعات یا اسی نوعیت کے فوائد (جن میں ٹوکن، کوپن، کھانا، یا ٹیک اوے پیکجز وغیرہ شامل ہیں) نہ دیں۔

ایکٹ کی دفعہ 185 کے مطابق، ان ہدایات کی خلاف ورزی قابلِ سزا جرم ہے، اور خلاف ورزی کی صورت میں کمپنی کے خلاف کارروائی اور جرمانے عائد کیے جا سکتے ہیں۔ کمپنی ان قانونی تقاضوں کی سختی سے پابندی کرے گی۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت

اہم حقائق کا بیان

ایجنڈا آئٹم نمبر 1۔ ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ 2017 ("ایکٹ") کی دفعہ (3)166 کے تحت، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے منعقد کیے جانے والے اجلاسِ عام کے نوٹس کے ساتھ اہم حقائق کا بیان منسلک کرنا ضروری ہے، جس میں غیر جانبدار ڈائریکٹرز کے انتخاب کی وجہ بھی بیان کی جائے۔

موجودہ ڈائریکٹرز کی مدتِ کار 29 جنوری 2026 کو ختم ہو رہی ہے۔ ایکٹ کی دفعہ (1)159 کے تحت ڈائریکٹرز نے غیر معمولی اجلاسِ عام میں انتخاب کے لیے ڈائریکٹرز کی تعداد دس (10) مقرر کی ہے، جنہیں تین سال کی مدت کے لیے منتخب کیا جائے گا۔

تمام ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز دوبارہ انتخاب کے لیے اہل ہیں۔ جو شخص ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہے، اسے اپنی امیدواری کا نوٹس، دفعہ (3)159 کے مطابق، غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے جمع کروانا ہوگا۔

موجودہ ڈائریکٹرز کی دلچسپی اس حد تک ہے کہ وہ دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں۔

جو بھی شخص ڈائریکٹر کے عہدے کے لیے الیکشن میں حصہ لینا چاہے، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا نیا امیدوار، اُس پر لازم ہے کہ درج ذیل دستاویزات کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر، ویسٹ وہارف، ڈاکیارڈ روڈ، کراچی-74000 پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم 14 دن پہلے جمع کروائے:

(i) ایکٹ کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب میں حصہ لینے کا اظہارِ دلچسپی کا نوٹس، بمعہ ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی جو کہ ایکٹ کے قواعد کے مطابق "Appendix to Form-9" کے ساتھ منسلک ہو۔

(ii) تفصیلی پروفائل بمعہ دفتر کا پتہ، جو ایس ای سی پی کے S.R.O.1196(I)/2019 مؤرخہ 03 اکتوبر 2019 کے مطابق انتخابات کی تاریخ سے سات دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کی جائے گی۔

(iii) ڈائریکٹر کی جانب سے جس وقت اظہارِ دلچسپی کا نوٹس جمع کرایا جائے اس وقت لازم ہے کہ وہ کمپنی کا رکن ہو، سوائے ایسے فرد کے جو کسی ایسے رکن کی نمائندگی کر رہا ہو جو حقیقی شخص (natural person) نہ ہو۔

(iv) ایک اعلان جس میں اس بات کی تصدیق کی گئی ہو کہ:

الف۔ وہ اپنی ذمہ داریوں اور اختیارات سے متعلق متعلقہ قوانین، کمپنی کے میمورنڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی لسٹنگ ریگولیشنز سے آگاہ ہے؛

ب۔ وہ ایکٹ، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019، یا دیگر کسی قابلِ اطلاق قوانین، قواعد و ضوابط کے تحت لسٹڈ کمپنی کا ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے۔

غیر جانبدار ڈائریکٹرز (Independent Directors) کا انتخابی عمل ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے طریقہ کار کے مطابق ہوگا۔ غیر جانبدار ڈائریکٹرز کو ایکٹ کی دفعہ (2)166 اور کمپنیز (طریقہ کار برائے انتخاب غیر جانبدار ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 میں بیان کردہ معیار پر پورا اترنا ضروری ہے، اور ان کا نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیرِ انتظام ایس ای سی پی سے منظور شدہ ڈیٹا بینک آف انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز میں شامل ہونا چاہیے۔ مزید یہ کہ ان کا انتخاب ان کی مہارت، قابلیت، علم اور تجربے کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کرانا ہوں گی:

الف۔ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019 کی شق (3)6 کے تحت غیر جانبدار ڈائریکٹر کا اعلان؛ اور

ب۔ غیر عدالتی اسٹامپ پیپر پر حلف نامہ کہ وہ کمپنیز (طریقہ کار برائے انتخاب غیر جانبدار ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018 کی ریگولیشن (1)4 کے تقاضوں پر پورا اترتا/اترتی ہے۔